سوال

(38) دوران وضو داڑھی کے نیچے چمڑے کو تر کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

وضوء میں جس وقت داڑھی کو دھونا ہے اس وقت داڑھی کے نیچے چمڑے کو پانی سے تر کرنا چاہیے یا نہیں داڑھی کے بال کہیں کیلیے خشک رہ جائیں تو کیا وضوء مکمل ہو گیا باحوالہ لکھیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

وضوء میں داڑھی کا خلال ہے وضوء میں داڑھی کو دھونا اور داڑھی کے نیچے والے چمڑے کو تر کرنا میرے علم میں رسول اللہ ﷺ سے ثابت نہیں۔ داڑھی کا خلال ہو جائے تو اس اعتبار سے وضوء میں کوئی خلل نہیں اور خلال میں لا محالہ داڑھی کے کچھ بال تر ہوں گے اور کچھ خشک رہیں گے آخر یہ داڑھی کا خلال ہے۔ انگلیوں کا خلال تو نہیں جس میں چمڑے کو تر کرنا ضروری ہو۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل

طہارت کے مسائل ج1ص 81

محدث فتویٰ